**Evening Urdu News**

**07:40 PM**

**10 July 2026**

**....آداب .... یہ آکاش وانی سرینگرہے**

**خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ یاسین۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔**

***....وزیراعظم تین ملکوں کے دورے کے آخری پڑاو**

---

**پرپہنچے نیوزی لینڈ /اپنے ہم منصب کے ساتھ کریں گے کئی معاملات پر تبادلہ**

---

**خیال۔**

***....جموں وکشمیر کو دہشت پسندی سے پاک کیا گیاہے/وزیرداخلہ**

***....لیفٹیننٹ گورنر کا بال تل کا دورہ/یاتریوں کو دستیاب سہولیات کا لیا جائزہ۔**

**اور**

***....وزیراعلیٰ نے کی کشمیر میراتھن کے تیسرے شمارے کے آفیشل برینڈنگ کی نقاب کُشائی۔**

**پی ایم آکلینڈ**

**وزیراعظم نریندر مودی جوکہ 3ملکوں کے دورے پر ہیں، آج اپنے دورے آخری پڑاو**

---

**پرنیوزی لینڈکے شہر آکلینڈ پہنچ گئے۔**

**نریندر مودی نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Christopher Luxon کے ساتھ باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ**

---

**خیال کریں گے۔یہ 4دہائیوں کے بعد کسی بھارتی وزیراعظم کا نیوز ی لینڈ کا دورہ ہوگا۔**

**نریندر مودی آکلینڈ میں نیوزی لینڈ کے باشندوں کے ایک اجلاس کے علاوہ وہاں رہ رہے بھارتی نژاد شہریوں سے بھی خطاب کریں گے۔**

اس سے قبل وزیراعظم نے انڈونیشیا اور آسٹریلیا کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کیا۔

**امت شاہ**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ محفوظ سرحدیں، خوشحال سرحدی خطے اور ایک خوشحال معاشرہ ایک ساتھ مل کر ملک کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

قومی راجدھانی نئی دلی میں سرحدی ریاستوںاور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے ایس ایس پیز کے ساتھ منعقدہ ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ جموں کشمیر اور شمال مشرق خطے کو دہشت پسندی سے پاک کیاگیاہے ،جو کہ ایک اجتماعی کامیابی کی علامت ہے۔

**امرناتھ یاترا**

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بحسن خوبی جاری ہے اور آج بھی بالتل اور چندن واڑی کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتری پوتر گپھا کی طرف پیش قدمی کررہے ہیں۔ آج شام پانچ بجے تک مزید 27ہزار 961 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

اس طرح آج دوپہر تک درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 85ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج 8ہزار 800شردھالوؤں پر مشتمل 9واں قافلہ وادی پہنچ گیا ہے۔

**ایل جی بال تل**

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج بالتل کا دورہ کرکے وہاں یاتریوں کو فراہم کی جارہی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ہمارے نمائندے صابر ایوب کے مطابق ایل جی نے پہلے سات دنوں کے دوران یاترا کے احسن انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا۔

**ایل جی یاتری حادثہ**

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں صوبے کے اُدھمپور ضلع میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹولڈی نالہ کے قریب ایک گاڑی کو حادثہ پیش آنے کے واقعے کا سخت نوٹس لیا ہے۔

اس حادثے میں شری امرناتھ جی یاترا پر جارہے مدھیہ پردیش سے تعلق رکھنے والے6 شردھالو زخمی ہوگئے۔زخمی یاتریوں کو علاج ومعالجے کیلئے جی ایم سی جموں میں داخل کیا گیاہے۔ ایل جی نے زخمیوں کو بہترسے بہتر طبی سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ہے۔

## اربن لوکل باڈیز

شری امرناتھ جی یاترا کے دونوں راستوں پر صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کیلئے اربن لوک باڈیز کشمیر نے 4سو زیادہ صفائی کرمچاریوں کو تعینات کیا ہے۔

کولگام کے ہمارے نمائندے خورشید پڈرونے خبردی ہے کہ محکمہ نے یاترا روٹس کے مختلف مقامات پر 275بیت الخلاءنصف کئے ہیں۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اربن لوک باڈیزکشمیر کے ڈائریکٹر قاضی سرور نے کہا کہ صفائی کرمچاری دن رات کام کررہے ہیں۔ انہوں نے یاتریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنا تعاون دیں۔

## وزیراعلیٰ میراتھن

اس دوران وزیراعلیٰ نے آج سرینگر میں کشمیر میراتھن کے تیسرے شمارے کیلئے آفیشل برانڈنگ کی نقاب کشائی کی۔اس موقعے پر وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ایم ایل اے زڈی بل تنویر صادق کے علاوہ کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

آفیشل برینڈنگ کی نقاب کشائی کے ساتھ ہی مذکورہ میراتھن کارجسٹریشن پورٹل کھل گیاہے اور رجسٹریشن کا عمل عنقریب شروع ہوگاواضح رہے کہ یہ مراتھن اس برس اکتوبر کے مہینے میں منعقد ہوگا۔

## سی ایم ایسوسی ایشن

خدمت سینٹر ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے آج وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ وفد کے ارکان نے خدمت مراکز کے کام کاج اور لوگوں کو ان مراکز کے ذریعے فراہم کی جارہی خدمات کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

## جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی کارگذاری کا جائزہ لیا۔

وزیر نے کشمیر خطے میں انسدادِ سیلاب کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے حساس علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں محکمہ کی جانب سے عملائے جارہے پروجیکٹوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

## عبدالرحیم راتھر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج ایم ایل اے ہوسٹل سرینگر میں نصب اور تعمیر کی گئی جدید سہولیات کا افتتاح کیا۔ انہوں نے تعمیراتی ڈھانچوں مینجدید سہولیات کی

فراہمی کی اہمیت اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایل اے ہوسٹل ارکان قانون سازیہ کےلئے ایک بنیادی سہولت ہے اور اس میں جدید خدمات دستیاب رکھی جارہی ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں مرکزی معاونت والی اسکیموں اور فلیگ شپ پروگراموں کی
مو

---

ثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے اس ضمن میں مقرر کئے گئے اہداف کو بروقت حاصل ۂ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

سرینگر میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹریوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے مختلف پروگراموں کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوننے ان پروگراموں کی عمل آوری میں احتساب اور شفافیت کو برقرار رکھنے کا سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

چیف جسٹس

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کمار نے آج عدالت عالیہ کی جموں شاخ میں نئے قائم کئے گئے وکلاءکے کلرکس روم کا افتتاح کیا۔ عدالت میں دستیاب رکھی گئی اس سہولت کا مقصد عدلیہ کے نظام کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چیف جسٹس نے ڈیجیٹل لٹریسی کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔افتتاحی رسم کے موقعے پر جسٹس سندھو شرما، جسٹس رجنیش اوسوال ، جسٹس محمد اکرم چودھری، جسٹس وسیم صادق، جسٹس رشید سیکھری اور جسٹس سنجے پریہار کے علاوہ عدلیہ سے جڑی دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں۔

سائیکل سوار

ملک کو منشیات کے استعمال کی وباءسے پاک کرانے کیلئے نشہ مکت ابھیان کے تحت مختلف سطحوں پر سرگرمیاںانجام دہی جارہی ہیں۔

اس سلسلے میں کئی لوگ انفرادی سطح پر بھی اپنا اثرورسوخ استعمال کرکے اس سمت میں اپنی کوششیں بروئے کار لاتے ہیں۔

اسی طرح یہ کوشش میں چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے Vinay Dewangan نے اس برس یکم مئی کو سائیکل پر اپناسفر شروع کیا اور نشہ مکت ابھیان سے متعلق جانکاری عام کرتے ہوئے جنوبی کشمیر میں اننت ناگ پہنچ گیا ہے۔ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ اننت ناگ پہنچنے پر مقامی لوگوں نے اُن کا والہانہ استقبال کیا۔ آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ونے نے کہا ۔

**لینگویج میٹنگ**

**ٹاو**

---

**کمیٹی سرینگر کی سال 2026کی میٹنگ آج نیشنل انسٹی Implimentationان آفیشل لینگویجۂ چیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی سرینگر میں منعقدہوئی۔ میٹنگ کی صدارت جموں و کشمیر سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ساگر ہنومان سنگھ نے کی۔**

**میٹنگ کے دوران کشمیر خطے میں سرکاری زبان کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا۔**

**ای ڈی آئی**

**جموں صوبے کے مختلف کالجوں سے تعلق رکھنے والے240 طالب علموں نے جموں وکشمیر آنٹرپرینور شپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ میں سمرانٹرن شپ مکمل کی ہے۔**

**اس پروگرام کے دوران شرکاءکو کارخانہ داری ، سٹارٹ اپ پرموشن، اختراعیت، تجارتی منصوبہ بندی اور دیگر کئی امور کے بارے میں تربیت دی گئی۔ای ڈی آئی کے حکام نے کہا ہے کہ ایسے پروگرام آئندہ بھی جاری رہیں گے۔**

**سکالرشپ**

**آج جموں کشمیرمیں نیشنل میرٹ کم مینز سکالرشپ سکیم کے تحت اہل اُمیدواروں کا امتحان لیا گیا۔اس امتحان میں قریب 6ہزار600 طالب علموں نے شرکت کی۔اس کیلئے یوٹی بھر میں 97امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔**

**جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کی زیر نگرانی اس سکالر شپ امتحان میں طالب علم ایک ہزار68نشستوں کیلئے مقابلہ کررہے ہیں۔ امتحان پاس کرنے والے طالب علموں کو 9وینجماعت سے آگے اگلے چار برس تک سالانہ 12ہزار روپے کا سکالرشپ دیا جائے گا۔**

**آئی یو ایس ٹی**

**اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ نے9مختلف مضامین میں ایک سالہ پوسٹ گریجویٹ پروگرام متعارف کئے ہیں۔ یہ پروگرام نیشنل ایجوکیشن پالیسی 2020کے رہنما خطوط کے عین مطابق ترتیب دئیے گئے ہیں۔**

**کے ارتقائی عمل کی تعریف NEP یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے کرتے ہوئے ان پروگراموں کو متعارف کرنے کیلئے یونیورسٹی انتظامیہ کو مبارکباد دی ہے۔**

**این سی**

**نیشنل کانفرنس نے مرحومہ بیگم اکبر جہاں کو اُن کے 26ویں یوم وصال پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔پارٹی کے ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ مرحومہ نے اپنی پوری زندگی جموں وکشمیر کے لوگوں، خصوصاً خواتین کو بااختیار بنانے میں صرف کی۔ پارٹی کے اہتمام سے کل اس سلسلے میں کئی پروگرام منعقد ہورہے ہیں۔**

**ڈاکٹر فاروق عبداللہ**

**اس دوران پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے معروف معالج ڈاکٹر خورشید اسلم خان کی والدہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیاہے۔**

**دریں اثناءڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج آثار شریف درگاہ حضرتبل پر حاضری دی اور نماز جمعہ کے موقعے پر جموں وکشمیر کی خوشحالی کیلئے دعا کی۔**

**بی جے پی**

**بی جے پی جموں وکشمیر کے آل سیلس انچارج ویدشرماکی سربراہی میں آج جمونمیں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے پردیش صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے تنظیمی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔**

**اس دوران پارٹی کے شیڈول کاسٹ مورچہ کے اہتمام سے بھی جموں میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ست شرما نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔**

**اشوک کول**

**بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج کپوارہ میں پارٹی کی ورکنگ کمیٹی کے ارکان کی ایک میٹنگ میں تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔**

**اشوک کول نے بی جے پی کے فلاحی پروگراموں کے بارے میں عام لوگوں میں بےداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ میٹنگ میں پارٹی کے کئی لیڈروں نے شرکت کی۔**

**عرس**

**بلندپایہ**

---

**ولی حضرت قمرالدین صاحب رحمت اللہ علیہ کا عرس مبارک آج منایا گیا۔ اس سلسلے میں اُن ؒ کے آستان عالیہ واقع شیر گڑھی جہانگیرچوک سرینگر میں ختمات المعظمات اور درودواذکار کی محفل آراستہ ہوئی جس میں عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقعے پر علمائے دین نے اولیائے کرام کی سیرت بیان کی۔**

**انتقال**

پلوامہ ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک معروف صوفی شاعر میر عبدالعزیز قادری کے انتقال پر کئی ادبی، سماجی اور ثقافتی اداروں کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔میرعبدالعزیز کل شاہورہ پلوامہ میں انتقال کرگئے۔

**وَٹس ایپ**

سوشل میڈیا پلیٹ فارم وَٹس ایپ نے یوزرنیم فیچر کے استعمال کے بارے میں اپنا جواب سرکار کو ارسال کیا ہے۔

الیکٹرانکس وانفارمیشن ٹیکنالوجی وزارت کے ذرایع نے خبر دی ہے کہ یہ جواب وزارت کو کل رات میٹا کی جانب سے موصول ہوا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ سرکار نے رواںمہینے کی یکم تاریخ کویوزر نیم فیچر کے بارے مینوَٹس ایپ سے وضاحت طلب کی تھی۔

**الکوہل**

مرکزی سرکار نے نشیلی اشیاءکے 1945کے ضابطوں کی ترمیم کی ہے جس کا مقصد زیادہ مقدار والے الکوہل پر مشتمل نشیلی ادویات کے ضابطوں کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

صحت وخاندانی بہبود کی وزارت نے ایتھائیل الکوہل پر مشتمل ادویات کیلئے لائیسنس کی ضرورت میں موجودہ استثنیٰ کو ختم کیا ہے۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت34.5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19.4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25.3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 28 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔